## سوال

(75) عشر ٰزکوۃ وغیرہ سے اسلامی لٹریچر خرید کر پبلک میں شائع کرنا جائز ہے۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عشر زکوٰۃ و دیگر صدقات وغیرہ سے اسلامی لٹریچر خرید کر پبلک میں شرعاً شائع کیا جاتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلامی لٹریچر زکوٰۃ کے مال سے خرید کر بغرض تبلیغ نادار لوگوں کو دینا جائز ہے، باقی مصارف قرآن مجید میں اس آیت میں ملتے ہیں :
{اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ الایة}

(اہل حدیث ۱۵جون ۱۹۴۵ئ) (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۷۲)

[فتاویٰ علمائے حدیث]